**Shabbir / Fazil**

**09-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں عیتکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت اور کینیڈا نے قومی سلامتی، قانون کے نفاذ اور سائبر سکیورٹی میں تعاون کو مستحکم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

2- جاپان کی وزیر اعظم Sanae Takaichi کے حکمراں مخلوط اتحاد نے اچانک کرائے گئے پارلیمانی چناؤ میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔

3- Seychelles کے صدر ڈاکٹر Patrick Herminie اپنے پانچ روزہ دورے کے آخری مرحلے کے تحت نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے چنئی اور ممبئی میں مختلف شعبوں میں کلیدی شراکت داروں کے ساتھ میٹنگ کی۔

4- چین کے، Tianjin میں ایشین انڈور ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں مردوں کے Heptathlon مقابلے میں بھارت کے Tejaswin Shankar نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

5- اور ٹینس میں بھارت، نیدرلینڈز کو تین-دو سے ہرا کر ڈیوڈ کپ کوالیفائر کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

NSA Canada Visit

بھارت اور کینیڈا نے قومی سکیورٹی اور قانون کے نفاذ سے متعلق امور پر تعاون میں رہنمائی کرنے کا ایک مشترکہ منصوبہ تشکیل دینے اور متعلقہ ترجیحات پر عملاً اشتراک کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ کل Ottawa میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور کینیڈا کی اُن کی ہم منصب Nathalie Drouin کے درمیان ایک میٹنگ کے دوران کیا گیا۔ وزارتِ خارجہ نے کل میٹنگ کی تفصیلات مشترک کرتے ہوئے کہا کہ دونوں فریقوں نے ایسے اقدامات پر پیشرفت کو تسلیم کیا ہے، جن کا مقصد دونوں ملکوں اور شہریوں کے تحفظ اور سلامتی کی حمایت کرنا ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ اس بات پر بھی اتفاق ہوا کہ دونوں ملک سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے رابطہ کار

افسروں کا تقرر کریں گے اور اُن کی متعلقہ ایجنسیاں کام کے تعلق سے طور طریقوں پر کام کریں گی۔
دونوں فریقوں نے سائبر سکیورٹی پالیسی اور سائبر سکیورٹی کے امور سے متعلق ایک دوسرے کو معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ دھوکہ دہی اور امیگریشن کے نفاذ سے متعلق تعاون پر تبادلۂ خیال جاری رکھنے کے بارے میں تعاون کرنے اور ملکی قوانین و بین الاقوامی ذمہ داریوں سے جڑے رہنے کا بھی عزم کیا ہے۔x

Japan Election

جاپان کی وزیراعظم Sanae-Takaichi کی حکمراں پارٹی نے ایوان زیریں کیلئے ہوئے اچانک انتخابات میں دو۔تہائی سے زیادہ اکثریت حاصل کرلی ہے۔
ٹیلی ویژن پر نشر ایک انٹرویو میں محترمہ Takaichi نے کہا کہ زبردست اکثریت حاصل کرنے کے بعد، اب وہ اپوزیشن سے تعاون طلب کرتے ہوئے، اپنے پالیسی ایجنڈے کو نافذ کرنے کیلئے تیار ہیں۔
ابتدائی نتائج سے معلوم ہوتا ہے کہ محترمہ Takaichi کی لبرل ڈیموکریٹک پارٹی LDP نے اکیلے ہی 316 سیٹیں جیت لی ہیں۔ اس طرح جاپانی پارلیمنٹ کے زیادہ طاقتور ایوان، 465 رُکنی ایوان زیریں میں مکمل اکثریت کیلئے 261 سیٹوں کے ہدف کو باآسانی حاصل کرلیا ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی نے جاپان کی اپنی ہم منصب Sanae-Takaichi کو اُن کی جیت پر مبارکباد پیش کی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، وزیراعظم مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی اسٹراٹیجک اور عالمی ساجھیداری، عالمی امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ محترمہ Takaichi کی قابل قیادت میں بھارت - جاپان دوستی نئی بلندیاں طے کرے گی۔x

PM Modi Seychelles President

Seychelles کے صدر ڈاکٹر Patrick Herminie چنئی اور ممبئی میں مفید مصروفیات کے بعد اپنے پانچ روزہ دورے کے آخری مرحلے کے تحت کل نئی دلّی پہنچے۔ مرکزی وزیر انوپریہ پٹیل نے ہوائی اڈّے پر مہمان صدر Petric Herminie کا خیر مقدم کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ نے کہا کہ Seychelles نے ممبئی اور چنئی میں حکمرانی، صنعت، ساحلی بندوبست اور صحت کے شعبوں سمیت کلیدی شراکت داروں کے ساتھ بات چیت کی۔
وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں Seychelles کے صدر کے ساتھ مذاکرات کریں گے۔ دونوں رہنما

باہمی، علاقائی اور آپسی مفاد کے بین الاقوامی امور پر بات چیت کریں گے۔

صدر Herminie آج شام راشٹرپتی بھون میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ساتھ بھی ملاقات کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Anupam Mishra

Seychelles بحر ہند خطے میں بھارت کا ایک کلیدی بحری پڑوسی ملک ہے اور بھارت کے وژن، پورے خطے میں سکیورٹی اور ترقی کیلئے آپسی اور مجموعی پیش رفت ''مہا ساگر'' سے متعلق وژن اور عالمی جنوب کے تئیں عزم میں ایک خصوصی مقام رکھتا ہے۔

Seychelles کے صدر کا یہ دورہ بھارت اور Seychelles کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 50 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہو رہا ہے۔ نئی دلی آنے سے پہلے Seychelles کے صدر نے چنئی اور ممبئی کے اپنے دورے کے دوران کاروبار سے متعلق پروگراموں میں شرکت کی تھی۔ Seychelles کے صدر کا دورہ دونوں ملکوں کے درمیان وسیع تر تعاون اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رشتوں کو مزید جہت فراہم کرے گا۔

نئی دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ........

<u>PM Pariksha PE Charcha 2nd Episode</u>

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح پریکشا پے چرچا 2026 کی دوسری قسط میں ملک بھر کے طلبا کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ یہ پروگرام کیئر پلیٹ فارمز پر صبح 10 بجے نشر کیا جائے گا، چونکہ بورڈ کے امتحانات کافی نزدیک ہیں، لہٰذا طلبا کے ساتھ بات چیت میں، امتحان کے وقت ذہنی دباؤ، تیاری سے متعلق حکمتِ عملی، وقت کا صحیح طریقے سے استعمال اور اعتماد کے ساتھ امتحانات میں طلبا کی مدد پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وزیر اعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اِس قسط میں تمل ناڈو میں کوئمبٹور، چھتیس گڑھ میں رائے پور، گجرات میں دیو موگرا اور آسام میں گوہاٹی کے ایگزام واریرس کو شامل کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Priya

اس سیشن میں وزیر اعظم بورڈ امتحانات سے نمٹنے، اعتماد سازی، ثابت قدم رہنے اور ذہنی دباؤ اور تشویش جیسے عام چیلنجوں پر قابو پانے سے متعلق عملاً مشورہ دیں گے۔ پریکشا پے چرچا کے نویں ایڈیشن کی پہلی قسط اس ماہ کی 6 تاریخ کو نشر کی گئی تھی، جس میں وزیر اعظم نے سوالوں کے جواب دیے تھے اور شرکاء کے ساتھ پورے جوش و جذبے

سے بات چیت کی تھی۔ وزیر اعظم کی طرف سے نظریے پیش کیے جانے پر مقبول سالانہ پروگرام نے ایک ملک گیر جَن آندولن کی شکل اختیار کر لی ہے، جس کے نتیجے میں 4 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ اساتذہ اور والدین کی شرکت دیکھنے کو ملی۔

قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے ساتھ ہم آہنگی رکھتے ہوئے اس پہل کا مقصد امتحانات کے تجربے کو ازسرِنو تشکیل دینا ہے، جس سے طلبا میں اعتماد، مثبت سوچ اور ہمہ جہتی فلاح و بہبود کو فروغ دیا جاتا ہے اور امتحان کے سیزن کو ایک اُتسو کے طور پر منایا جاتا ہے۔ دوسری قسط وزیر اعظم نریندر مودی کے یو ٹیوب چینل، دوردرشن، تعلیم کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی وزارت پر نشر کی جائے گی۔ یہ پروگرام WAVES OTT، ایمازون پرائم ویڈیو، Jio، ZEE5، Sony LIV اور Spotify پر بھی براہِ راست دکھایا جائے گا۔

دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## Capexil Reax IND US Deal

کیمیکلز اور متعلقہ مصنوعات کی برآمدات کے فروغ کی کاؤنسلCapexil نے بھارت اور امریکہ کے درمیان ہوئے عبوری تجارتی سمجھوتے کا خیر مقدم کیا ہے۔

کاؤنسل کے Glass Panel کے چیئرپرسن Pradeep Kheruka نے کہا کہ امریکہ عطر کی شیشیوں کیلئے بھارت کا ایک بڑا برآمدی بازار ہے اور محصولات میں کمی ہونے سے شعبے کو فروغ حاصل ہوگا۔

جناب Kheruka نے مزید کہا کہ بھارت کو دیگر ملکوں کے مقابلے اب کم محصولات کا سامنا ہے جس سے تجارت کے دیگر شعبوں میں بھی برآمدات میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔x

## UP Budget Session

اترپردیش قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج شروع ہوگا۔ گورنر آنندی بین پٹیل دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ ریاستی وزیر خزانہ سریش کھنہ بدھ کو ریاستی اسمبلی میں مالی سال 2026-27 کیلئے ریاست کا بجٹ پیش کریں گے۔ اجلاس اس ماہ کی 20 تاریخ تک جاری رہے گا۔x

## Shah Chhattisgarh

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے جگدل پور میں بَستر پینڈم فیسٹیول کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی اُن کا چھتیس گڑھ کا تین روز دورہ بھی مکمل ہو جائے گا۔ اس

فیسٹیول کا افتتاح جمعے کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کیا تھا، جس میں خطّے کی مالا مال قبائلی وراثت کا جشن منایا گیا تھا اور اُس کو نمایاں کیا گیا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ میں Bastar ڈویژن کے Head Quarters جگدل پور میں جاری Bastar Pandum فیسٹول قبائلی فن و ثقافت کی نمائش کا ایک اہم ذریعہ بن کر ابھرا ہے۔ Baster Pandum کے تحت، ڈویژن سطح کے مقابلے منعقد کیے جا رہے ہیں جو تین دن تک جاری رہیں گے۔ ان میں 84 ٹیموں کے 700 سے زیادہ فنکار جو Bastar ڈویژن کے مختلف اضلاع کی نمائندگی کر رہے ہیں، اپنی Performances کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

فیسٹیول کے دوران، قبائلی رقص، تھیئٹر، موسیقی کے ساز اور روایتی پکوان نیز مصوری، دستکاری اور زیورات سے متعلق فن سمیت 12 مختلف زمروں میں نمائش کی جا رہی ہے۔

Bastar Pandum لوک روایات کا عظیم سنگم بن گیا ہے۔ Bastar ڈویژن کے علاوہ، مدھیہ پردیش، آندھرا پردیش، تلنگانہ اور کرناٹک جیسی دیگر ریاستوں کے لوک فنکاروں نے بھی اپنی Performances سے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کیا ہے۔x

آکاشوانی نیوز، رائے پور سے Vikalp Shukla کی رپورٹ کے ساتھ میں ......

<u>BREAK</u>

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

GONG

<u>ECI SIR West Bengal</u>

انتخابی کمیشن نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ مغربی بنگال میں ووٹر فہرست کے لئے جاری خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے تحت مستقل رہائشی سرٹیفکیٹ، قابل قبول درست دستاویزات میں شامل ہے۔

مغربی بنگال کے اعلیٰ انتخابی افسر CEO کے نام ایک خط میں، کمیشن نے کہا کہ مغربی بنگال میں مستقل اقامت یا مستقل رہائشی باشندوں کے سرٹیفکیٹس، ریاستی حکومت کے 2 نومبر 1999 کے ایک خط کے مطابق ہی جاری کئے جاتے ہیں۔

کمیشن نے الیکٹورل رجسٹریشن افسران EROs اور ان کے معاون افسران AEROs کو ہدایت کی ہے کہ انھیں مستقل رہائشی باشندوں کے صرف اُنہی سرٹیفکیٹس کو قبول کرنا چاہیے جنھیں نامزد اتھارٹیز جیسے ضلع مجسٹریٹ،

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، سب ڈویژنل افسر اور کولکاتہ کے کلکٹر کے ذریعے جاری کیا گیا ہو۔
کمیشن نے مزید کہا ہے کہ ان ہدایات کو سبھی متعلقہ افسران کے علم میں لایا جانا چاہیے تاکہ ان پر سختی سے عمل کیا جا سکے۔x

Maha Civic Polls Counting

مہاراشٹر میں، ریاست کے 12 ضلع کونسلوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی آج ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی صبح 10 بجے سے شروع ہوگی، جس میں 7 ہزار 738 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ ریاستی چناؤ کمیشن نے اس پورے عمل کے سلسلے میں تمام بندوبست مکمل کر لیے ہیں۔ 12 ضلع کونسلوں میں ہفتے کے روز ووٹ ڈالے گئے تھے۔ ریاست میں 125 پنچایت سمیتیوں کی ایک ہزار 472 نشستوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے گئے تھے۔x

Asian Indoor Athletics

بھارت نے، چین کے Tianjin میں ایشین انڈور ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں پانچ تمغے حاصل کر کے چھٹا مقام حاصل کیا ہے۔ Tejaswin Shankar نے کل چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مردوں کے Heptathlon ایونٹ میں ملک کو پہلا سونے کا تمغہ دلایا۔ اس مقابلے میں شنکر نے 5 ہزار 993 پوائنٹس حاصل کر کے ایک نیا قومی انڈور ریکارڈ بھی بنایا۔ انہوں نے 2021 میں امریکہ میں اپنا 5 ہزار 650 پوائنٹس کا سابقہ ریکارڈ بھی توڑا۔ بھارت نے چیمپئن شپ کے آخری دن مزید تین تمغے حاصل کیے۔ پوجا نے ہائی جمپ میں چاندی کا، تیجندر پال سنگھ تُور نے Shot Put میں چاندی کا اور لانگ جمپ میں اینسی سوجن نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔x

Tennis Davis Cup

ٹینس میں بھارت کل بنگلورو میں کھیلے گئے مقابلے میں عالمی نمبر 6 نیدرلینڈس کو تین۔دو سے ہرا کر ڈیوس کوالیفائرس کے دوسرے مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔
Dhakshineswar Suresh نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انھوں نے دو سنگلز مقابلے جیتے اور Yuki Bhambri کے ساتھ ڈبلز مقابلے میں بھی جیت درج کی۔
فیصلہ کن مقابلے میں، سریش نے Guy de Ouden کو چھ۔چار، سات۔چھ سے شکست دی، جس نے

سال 2004 میں Leander Paes کی شاندار کارکردگی کی یاد دہانی کرائی۔

اس سے قبل، سریش اور Bhambri کے ڈبلز میچ سات۔چھ، تین۔چھ، سات۔چھ سے جیتنے کے بعد بھارت کو دو۔ایک سے سبقت حاصل ہوگئی تھی۔

حالانکہ Sumit Nagal کو اپنے دونوں سنگلز مقابلوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

بھارت ڈیوس کپ 2026 کوالیفائرس کے دوسرے مرحلے میں، جنوبی کوریا کے مد مقابل ہوگا۔ یہ مرحلہ ستمبر مہینے میں منعقد ہوگا۔x

Football Santosh Trophy

آسام کے Dhakuakhana اسٹیڈیم میں کل سروسز نے فائنل میں کیرالہ کو ایک صفر سے ہرا کر سنتوش ٹرافی کیلئے اُناسی ویں نیشنل فٹ بال چیمپئن شپ جیت لی ہے۔ سروسز نے آٹھویں مرتبہ سنتوش ٹرافی کا خطاب جیتا ہے۔میچ میں جیت کا فیصلہ کُن گول اضافی وقت میں کیا گیا۔ یہ گول ابھیشیک پوار نے کیا۔ ×

Cricket T20 WC

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں میزبان سری لنکا نے کل رات کولمبو میں گروپ-بی کے میچ میں آئرلینڈ کو 20 رن سے ہرا دیا۔

اس سے پہلے دن میں، ممبئی میں گروپ-سی کے ایک مقابلے میں انگلینڈ نے نیپال کو 4 رن سے شکست دی۔ چنئی میں گروپ-ڈی کے ایک دوسرے میچ میں نیو زیلینڈ نے افغانستان کو 5 وکٹ سے ہرایا۔

آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں گروپ-سی کے میچ میں اسکاٹ لینڈ کا مقابلہ اٹلی سے ہوگا، جو صبح 11 بجے کھیلا جائے گا، جبکہ کولمبو میں گروپ-بی کے میچ میں زمبابوے، Oman کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ سہ پہر تین بجے ہوگا۔ آج کے دن کا آخری میچ احمد آباد میں جنوبی افریقہ اور کینیڈا کے درمیان ہوگا، جو شام سات بجے شروع ہوگا۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج ساحلی آندھرا پردیش، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ کے حصوں میں گہرے کہرے کی صورتحال رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اترپردیش میں بھی آج اس طرح کی صورتحال رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق، شمال-مغربی بھارت میں آئندہ دو دن کے دوران کم سے کم درجۂ حرارت میں تقریباً

2 ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ ملک کے باقی حصوں میں، کم سے کم درجۂ حرارت میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں ہوگی۔x

UK PM Staff Resigns

برطانوی وزیراعظم کیر اسٹارمر کے اعلیٰ مشیر Morgan McSweeney نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انھوں نے حکومت کو Peter Mandelson کو جنسی جرائم کے مجرم Jeffrey Epstein کے ساتھ ان کے روابط کے باوجود امریکہ میں برطانیہ کے سفیر کے طور پر مقرر کرنے کا مشورہ دینے کی ذمہ داری قبول کی۔

ایک عوامی تبصرہ میں،جناب Mc Sweeney نے کہا کہ وزیراعظم کو دی گئی ان کی صلاح خامیوں سے پر تھی اور انھوں نے مذکورہ تقرری کے لئے پوری ذمہ داری قبول کی۔

Mc Sweeney کا یہ استعفیٰ گزشتہ مہینے امریکی محکمۂ انصاف کی جانب سے ایسے دستاویزات جاری کیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے جن میں Peter Mandelson کے Epstein کے ساتھ روابط کی تفصیلات ہیں۔

Peter Mandelson کو گزشتہ سال ستمبر میں سفیر کے عہدے سے ہٹا دیا گیا تھا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد المالک

شکریہ -نیتکا تیاگی

وزیراعظم نریندر مودی کے ملیشیا دورے سے متعلق خبروں کو قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخباروں نے اپنی پہلی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کے مطابق، بھارت اور ملیشیا کا باہمی تعاون بڑھانے پر زور، 11معاہدوں پر دستخط۔

بقول روزنامہ پرتاپ: دہشت گردی پر دوہرا معیارنہیں چلے گا، پاکستان کو وزیراعظم مودی کا پیغام۔

اخبار نے وزیراعظم کے اس بیان کو بھی نمایاں کیا ہے کہ دہشت گردی، عالمی امن کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔

ہندوستان ایکسپریس نے بھارت اور امریکہ کے درمیان ہوئے عبوری تجارتی سمجھوتے کو وزیر زراعت شیوراج سنگھ کی جانب سے تاریخی قرار دینے کا ذکر کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: کسانوں کے مفادات سب سے اوپر، تجارتی

سمجھوتے سے بھارت کی زرعی مصنوعات کو کوئی نقصان نہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے انکم ٹیکس کے نئے ضابطوں اور فارم پر تجاویز طلب کئے جانے کی خبر دی ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق نیپال اور بھارت، مجرمانہ معاملات میں باہمی قانونی مدد کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لئے تیار۔

اسی اخبار نے آرمینیا میں بھارتی مسلح افواج کے سربراہ جنرل انیل چوہان کے سامنے پہلی بار بھارت سے خریدے گئے ہتھیاروں کی نمائش کئے جانے کو بڑی خبر بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق، بھارت اور آرمینیا نے دو طرفہ دفاعی تعاون اور اسٹریٹیجک تعاون کو مضبوط بنانے پر بات چیت کی۔

روزنامہ پرتاپ نے دلی میں درجہ حرارت میں اضافہ ہونے اور صبح ہلکا کہرا چھائے رہنے کی خبر دی ہے۔

جبکہ انقلاب نے قومی اردو کاؤنسل کی سہ روزہ عالمی اردو کانفرنس اختتام پذیر ہونے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔x

## <u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- بھارت اور کینیڈا نے قومی سلامتی، قانون کے نفاذ اور سائبر سکیورٹی میں تعاون کو مستحکم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

2- جاپان کی وزیر اعظم Sanae Takaichi کے حکمراں مخلوط اتحاد نے اچانک کرائے گئے پارلیمانی چناؤ میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔

3- Seychelles کے صدر ڈاکٹر Patrick Herminie اپنے پانچ روزہ دورے کے آخری مرحلے کے تحت نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے چنئی اور ممبئی میں مختلف شعبوں میں کلیدی شراکت داروں کے ساتھ میٹنگ کی۔

4- چین کے، Tianjin میں ایشین انڈور ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں مردوں کے Heptathlon مقابلے میں بھارت کے Tejaswin Shankar نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

5- اور ٹینس میں بھارت، نیدرلینڈز کو تین-دو سے ہرا کر ڈیوڈ کپ کوالیفائر کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبرنامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------